ازافاداتِ جامع المعقول والمنقول، محدث اعظم، فقیہ العصر

حضرت مولانا محمد موسیٰ روحانی بازی رحمہ اللہ تعالیٰ وطیّب آثارہ

ابوابُ الصَّرف

(اردو ترجمہ کے ساتھ)

مرتّب

محمد زہیر روحانی بازی عفا اللہ عنہ وعافاہ

ادارۂ تصنیف وادب

اسم الكتاب : أبواب الصرف
الطبعة الثامنة : ١٤٤١هـ - ٢٠١٩م
جميع الحقوق محفوظة

إدارة التصنيف و الأدب
العنوان : المكتب المركزي : ١٣/دي ، بلاك بى ،
سمن آباد ، لاهور ، باكستان
هاتف : ٣٧٥٦٨٤٣٠ ٤٢ ٠٠٩٢
جوال : ٤١٠١٨٨٢ ٣٠٠ ٠٠٩٢
البريد الإلكتروني : alqalam777@gmail.com
الموقع على الشبكة الإلكترونية : www.jamiaruhanibazi.org

All rights reserved
Idara Tasneef wal Adab
(Institute of Research and Literature)
Alqalam Foundation
Address: Head Office: 13-D, Block B,
Samanabad, Lahore, Pakistan.
Phone: 0092-42-37568430
Cell: 0092-300-4101882
Email: alqalam777@gmail.com
Web: www.jamiaruhanibazi.org

الناشر
إدارة التصنيف و الأدب

از افاداتِ جامع المعقول والمنقول، مُحدثِ اعظم، فقیہ العصر
حضرت مولانا محمد موسیٰ رُوحانی بازی رحمہ اللہ تعالیٰ وطیّب آثارہ

ابوابُ الصَّرف

مُرتِّب
محمد زُہیر رُوحانی بازی عفا اللہ عنہ وعافاہ

ادارۂ تصنیف وادب
مرکزی دفتر: القلم فاؤنڈیشن 13 ڈی، بلاک بی، سمن آباد، لاہور

طبعِ اوّل ۲۰۰۹ء مطابق ۱۴۳۰ھ

طبعِ رابع ۲۰۱۹ء مطابق ۱۴۴۰ھ

ناشر

ادارۂ تصنیف وادب

جامعہ محمد موسیٰ البازی، بُرہان پورہ، نزد اجتماع گاہ
عقب گورنمنٹ ہائی سکول رائیونڈ، لاہور

منگوانے کا پتہ: مرکزی دفتر القلم فاؤنڈیشن 13 ڈی، بلاک بی
سمن آباد، لاہور

فون 042-37568430 موبائل 03004101882

www.alqalamfoundation.org

email: info@alqalamfoundation.org

پیش لفظ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

الحمد لله رب العالمین والصلاۃ والسلام علی رسولہ محمد وعلی آلہ واصحابہ اجمعین امابعد

اللہ جل جلالہ نے اپنی خاص توفیق سے بندہ کو اپنے والد ماجد محدث اعظم، فقیہ العصر، شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا محمد موسیٰ روحانی بازی رحمہ اللہ تعالیٰ وطیّب آثارہ سے علمِ صرف کے ابواب پڑھنے کا موقع نصیب فرمایا۔ ان ابواب سے راقم الحروف کو ناقابل بیان حد تک فائدہ ہوا، بلکہ واقعہ یہ ہے کہ اس وقت احقر کا جو تھوڑا بہت علمی جمع خرچ اور استعداد ہے وہ انہی ابواب کی رہینِ منّت ہے۔

والد صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ سے پڑھے ہوئے ان مبارک ابواب کو، اپنے بے انتہاء فائدے کی وجہ سے، بندہ اپنے اوپر ایک قرض سمجھتا تھا کہ اسے اگلی نسلوں کی طرف منتقل کرے۔ اللہ جل شانہ نے اپنے فضل وکرم

۱۴۳۰ھ مطابق ۲۰۰۹ء میں بندہ کو یہ توفیق بھی نصیب فرمائی کہ یہ سہلِ ممتنع ابواب اساتذہ کرام وطلبہ کی خدمت میں پیش کر کے اس قرض سے سبکدوش ہو سکے۔ فالحمد للّٰہ علی ذلک۔ احقر نے ان ابواب پر جابجا مفید حواشی بھی درج کر دیئے ہیں۔

ابتدائی علم صرف پڑھانے کا یہ طریقۂ کار انتہائی آسان اور مفید ہے۔ چنانچہ قدیم مدرّسین اور اساتذۂ کرام اسی انداز میں علمِ صَرف کی ابتداء کروایا کرتے تھے۔ اس طریقۂ کار میں طلبہ کو سب سے پہلے علم صرف کی معروف کتاب "صرف بہائی" پڑھائی جاتی ہے۔ اس کے بعد روزانہ کاپی پر ایک باب لکھواتے ہوئے اسّی (۸۰) کے لگ بھگ ابواب خوب ازبر کروا دیئے جاتے ہیں اور اس کے بعد علمِ صَرف کی دیگر کتابیں پڑھائی جاتی ہیں۔

اکثر مدرّسین حضرات کو علم صرف پڑھاتے ہوئے انتہائی دشواری پیش آتی ہے اور یہ دشواری پڑھانے کے اعتبار سے نہیں بلکہ طلباء کی استعداد بنانے کے لحاظ سے ہوتی ہے، چنانچہ انتہائی محنت سے پڑھانے کے باوجود

وہ طلباء کی کیفیت سے پوری طرح مطمئن نہیں ہوتے۔
ان مدرّسین حضرات کیلئے علم صرف کا یہ طریقۂ تدریس ایک عظیم نعمت سے کم نہیں۔ اساتذۂ کرام صرف ایک مرتبہ کے تجربے سے ہی یہ بات بخوبی جان لیں گے کہ حضرت شیخ رحمہ اللہ تعالیٰ کے اس مبارک طریقۂ کار میں معمولی محنت سے بھی غیر معمولی نتائج حاصل ہوتے ہیں۔

ابتداء کے یہ تقریباً اسّی (۸۰) ابواب علمِ صرف کا وہ نسخۂ کیمیا ہے جو کمزور سے کمزور طالب علم کو بھی انتہائی مختصر مدت میں ماہر صرفی بنا دیتا ہے۔ ان ابواب کے یاد کروانے کے بعد مدرّسین حضرات علم الصیغہ، ارشاد الصرف یا علم صرف کی جو کتابیں بھی مناسب سمجھیں نہایت آسانی سے طلباء کو پڑھا سکتے ہیں، البتہ اساتذہ کرام سے گزارش ہے کہ علم الصیغہ، ارشاد الصرف یا دیگر کتبِ صرف پڑھاتے ہوئے وہاں پر جب صرف صغیر آئے تو طلباء سے اُس کتاب میں مذکورہ طریقے کے مطابق صرف صغیر نہ سنیں بلکہ مصدر و مادہ اُس کتاب سے لیتے ہوئے صرفِ صغیر اِن ابواب کے طرز پر سُنی جائے۔

چونکہ صرفِ صغیر میں ہر کتاب کا اپنا طرز اور طریقۂ کار ہوتا ہے تو ہر کتاب میں طالب علم سے نئے طریقے کے مطابق گردانیں سننے سے وہ سخت پریشانی و تشویش کا شکار ہو جائے گا اور اس کتاب سے کامل فائدہ نہ اُٹھا سکے گا۔ اور اگر صرفِ صغیر میں طالب علم کا یاد کردہ وہی ابواب الصرف والا طریقہ رکھا جائے گا تو طالب علم بغیر کسی تشویش کے نہایت برق رفتاری سے آگے بڑھتا چلا جائے گا اور ساتھ ساتھ ان ابواب کا تکرار ہونے سے ابواب مزید ازبر ہو جائیں گے۔

اساتذہ کرام سے یہ بھی گزارش ہے کہ کوشش کر کے درجۂ ثانیہ اور ثالثہ میں بھی طلباء سے ان تمام ابواب کی گردانیں ایک ایک مرتبہ پھر سُن لیں۔ اس میں طلباء کو ذرا بھی محنت نہ کرنا پڑے گی اور تمام ابواب ذہن میں تازہ ہو جائیں گے۔ یہ بات تجربات سے ثابت ہے کہ یاد کی ہوئی چیز کو کچھ مدت کے وقفے کے بعد پھر دُہرایا جائے تو وہ بے انتہاء پختہ ہو جاتی ہے۔

عام طریقۂ کار میں علم صرف کے قوانین پڑھاتے

ہوئے ہر قانون کے ساتھ اس کی شرائط بھی ذکر کی جاتی ہیں چنانچہ ہر قانون کے ساتھ آٹھ آٹھ دس دس بلکہ اس سے بھی زیادہ شرائط ذکر کی جاتی ہیں۔ ہر قانون کے ساتھ کئی شرائط ذکر کرنے سے ابتدائی طالب علم کا ذہن سخت تشویش میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ نہ تو قوانین صحیح یاد کر پاتا ہے اور نہ شرائط۔

حضرت شیخ رحمہ اللہ تعالی کے اس طریقے میں ابواب یاد کروانے کے دوران صرف بنیادی قوانین یاد کروائے جاتے ہیں اور شرائط کو ذکر ہی نہیں کیا جاتا۔ چنانچہ طالب علم کو سمجھنے اور یاد کرنے میں بہت سہولت ہو جاتی ہے۔ ابواب ختم کرنے کے بعد جب علم صرف کی کتابیں پڑھائی جاتی ہیں تو وہاں ان شرائط کا ذکر تفصیل سے آجاتا ہے۔ طالب علم بنیادی قانون تو ابواب میں یاد کر چکا ہوتا ہے اب شرائط کا یاد کرنا اس کیلئے ذرا بھی تشویش کا باعث نہیں ہوتا۔

نیز یہ اسی (۸۰) کے لگ بھگ گردانیں بھی نہایت مختصر ہیں، حضرت شیخ رحمہ اللہ تعالی فرمایا کرتے تھے

کہ ان گردانوں میں مَیں نے صرف وہ صیغے ذکر کئے ہیں جو قرآن وحدیث میں استعمال ہوئے ہیں اور جن کا جاننا ہر طالب علم کیلئے ضروری ہے۔

اساتذۂ کرام اس بات سے بخوبی واقف ہیں کہ علم صرف پڑھاتے ہوئے سب سے ضروری چیز یہ ہے کہ طلباء سے گردانوں کو اچھی طرح سنا جائے، البتہ ان گردانوں کے سننے کا طریقہ ذرا مختلف ہے اور ان ابواب سے کامل فائدہ تبھی اٹھایا جاسکتا ہے جب ان ابواب کے سننے کیلئے وہ طریقۂ کار اپنایا جائے جو حضرت شیخ رحمہ اللہ تعالی کا سکھلایا ہوا ہے۔

حضرت شیخ رحمہ اللہ تعالی کا ابواب سننے کا طریقہ یہ تھا کہ طالب علم سے ہر روز گزشتہ بیس پچیس ابواب سمیت نیا سبق سنتے تھے۔ گزشتہ ابواب کی صرف صَرفِ صغیر سنتے جبکہ نئے سبق کی صَرفِ صغیر کے ساتھ ساتھ صَرفِ کبیر بھی سنتے تھے۔ مثلاً آج اگر انہوں نے پچیسواں باب لکھوایا ہے تو یہ نہیں کہ اگلے دن طالب علم پچیسواں باب سنانا شروع کردے بلکہ شروع سے یعنی ضَرَبَ یَضرِبُ

سے ابواب سنانا شروع کرتا اور تمام ابواب کی صَرفِ صغیر سناتے ہوئے جب گزشتہ دن کا سبق یعنی پچیسویں باب کی صَرفِ صغیر سنا دیتا تو پھر اس سے پچیسویں باب کی صَرفِ کبیر سنتے۔ ماضی معروف و مجہول، مضارع معروف و مجہول، نفی جحد بالم معروف و مجہول، نفی تاکید بالن ناصبہ معروف و مجہول، امر حاضر معروف و مجہول، امر غائب معروف و مجہول، نہی حاضر معروف و مجہول اور نہی غائب معروف و مجہول سب کی گردانِ کبیر سنتے۔ اس کے بعد اگلا باب لکھواتے۔

اس طریقۂ کار کا فائدہ یہ ہوتا تھا کہ بیس پچیس دن تک گردان بار بار سنانے سے بے انتہاء پختہ ہو جاتی تھی اور پھر کبھی نہیں بھولتی تھی۔ پھر چونکہ پچیس ابواب ہو چکے ہوتے لہذا اگلے روز سے شروع کے پانچ چھ ابواب چھوڑ کر سبق سننا شروع کرتے، یعنی اب اَکْرَمَ یُکْرِمُ سے روزانہ ابواب سنتے اور سبق آگے جاری رہتا۔ جب روزانہ سنائی جانے والی گردانوں کی تعداد دوبارہ پچیس تیس کے لگ بھگ ہو جاتی تو پھر شروع کے چند مزید ابواب چھوڑ دیئے جاتے اور اب رباعی مجرد سے روزانہ

گردانیں سنتے۔

خلاصۂ کلام یہ کہ ابواب سنتے ہوئے صَرفِ کبیر صِرف نئے سبق کی سُنی جائے جبکہ صَرفِ صغیر کم از کم آخری بیس پچیس ابواب کی روزانہ سنی جائے۔ نیز اس بات کا بھی خاص خیال رکھا جائے کہ ابواب کے اوپر جو فارسی عبارات ہیں وہ بھی ساتھ ہی یاد کروائی جائیں اور ہر روز ابواب کے ساتھ ہی سنی جائیں، مثلاً طالب علم ضَرَبَ یَضْرِبُ سے سنانا شروع نہ کرے بلکہ اس کے اوپر جو فارسی عبارت ہے اسے بھی ساتھ ملا کر یاد کرے اور یوں سنائے "ابوابِ صحیح، ثلاثی مجرد، بدانکہ ثلاثی مجرد را شش ابواب مشہور است۔ بابِ اول بروزنِ فَعَلَ یَفْعِلُ چوں الضربُ زدن۔ ضَرَبَ یَضْرِبُ ضَرْبًا" آخر تک اسی طریقے سے۔

اگر طلباء زیادہ ہوں اور استاد کیلئے تمام طلباء سے مذکورہ طریقۂ کار کے مطابق گردانیں سننا ممکن نہ ہو تو وہ دو دو تین تین طلباء کی جماعتیں بنا دے جو استاد کی موجودگی میں ایک دوسرے کو گردانیں سنایا کریں جبکہ استاد خود ہر روز تین چار مختلف طلباء سے اسی طرح

سبق سُن لیا کرے۔ نیز استاد روزانہ کم از کم دس صیغے بھی طلباء سے حل کروا لیا کرے تو فائدہ کئی گُنا بڑھ جائے گا۔

طلباء کو کاپی لکھواتے ہوئے صَرفِ صغیر لکھوانا کافی ہے جبکہ صَرفِ کبیر طلباء خود ہی حل کر کے اور یاد کر کے بآسانی سنا سکتے ہیں۔ البتہ اگر صَرفِ کبیر مشکل یا باقی گردانوں سے مختلف ہو تو پھر پہلے دن استاد صَرف صَرفِ صغیر لکھوائے اور طلباء صرف اُسے ہی یاد کریں جبکہ اگلے روز طلباء کو صَرفِ کبیر لکھوائی جائے۔ مذکورہ ابواب میں کئی جگہ پر اس ترتیب کا مشاہدہ کیا جا سکتا ہے۔

اس کاپی کے ساتھ ساتھ یہ گردانیں سی ڈی پر بھی دستیاب ہیں۔ سی ڈی پر بندہ کے پڑھائے ہوئے اسباق کی ریکارڈنگ سے ان گردانوں کو پڑھانے اور سننے کا طریقہ معلوم کیا جا سکتا ہے۔ مذکورہ ابواب پڑھانے کے بعد طلباء کو علم صَرف کی مشہور و معروف کتاب "زرّادی" پڑھائی گئی اور زرّادی کے بعد علم صَرف کی ایک اور انتہائی مفید کتاب "دُستور المبتدی" مکمل کروائی گئی۔ ان اسباق کی مکمل ریکارڈنگ بھی سی ڈی پر موجود

ہے۔ سی ڈی کے ساتھ ساتھ ان اسباق کی ریکارڈنگ انٹرنیٹ پر بھی موجود ہے اور ابوابِ صرف کے نام سے انہیں تلاش کیا جائے تو نہایت آسانی سے حل جائیں گے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے یہ ابواب اور یہ دروس تمام اہل علم، اساتذۂ کرام، مدرّسین عظام اور طلبہ میں محبوب ومقبول ہو کر ان کیلئے علوم وفنون اور تعلیم وتدریس کی بنیاد بنیں۔ آمین ثم آمین۔

عبدِ ضعیف

محمد زبیر عفی عنہ

استاد جامعہ محمد موسیٰ البازی

۱۸ ربیع الاول ۱۴۳۹ھ ، ۷ دسمبر ۲۰۱۷ء

نوٹ: حضرت والد صاحب رحمہ اللہ سے چونکہ بندہ نے یہ ابواب کاپی کی صورت میں پڑھے تھے اس لئے عام قلم سے ان کی نہایت واضح اور عمدہ کتابت کروا کے کاپی ہی کی صورت میں انہیں طبع کروایا۔ اس انداز کا ایک بہت بڑا فائدہ یہ بھی ہے کہ اس سے طالب علم پر ابواب یاد کرتے ہوئے ذرا بھی بوجھ نہیں پڑے گا کیونکہ کتاب کا طالب علم پر بڑا بوجھ ہوتا ہے مگر یہاں وہ بڑی بے فکری سے ان ابواب کو یاد کرے گا جیسے یہ کوئی کتاب ہے ہی نہیں بلکہ کسی کی ہاتھ سے لکھی ہوئی کاپی سے ابواب یاد کر رہا ہے۔ محمد زبیر عفی عنہ

عکسِ تحریر

احقر جب اپنے والد ماجد شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا محمد موسیٰ روحانی بازی رحمہ اللہ تعالیٰ سے ۱۴۱۲ھ مطابق ۱۹۹۱ء میں ابواب الصرف پڑھ رہا تھا تو والد صاحب ہر روز اپنے دستِ مبارک سے بندہ کیلئے ایک باب تحریر فرمادیتے تھے۔ ذیل میں حضرت شیخ رحمہ اللہ تعالیٰ کے ہاتھ سے لکھے ہوئے ایک باب کا عکس پیشِ خدمت ہے۔ محمد زبیر عفی عنہ

۳

بابِ سوم بر وزن فَعِلَ يَفعَلُ چون السَّمع شنیدن

سَمِعَ يَسمَعُ سَمْعًا فهو سامِعٌ وسُمِعَ

يُسمَعُ سَمْعًا فذاك مَسموعٌ

لم يَسمَعْ لم يُسمَعْ لا يَسمَعُ لا يُسمَعُ

لن يَسمَعَ لن يُسمَعَ

الامر منه اِسمَعْ لِتُسمَعْ لِيَسمَعْ

لِيُسمَعْ والنهي عنه لا تَسمَعْ لا تُسمَعْ

لا يَسمَعْ لا يُسمَعْ

والظرف منه مَسمَعٌ والجمع مَسامِعُ

والآلة منه مِسمَعٌ مِسمَعَةٌ مِسماعٌ

والجمع مَسامِعُ ومَسامِيعُ

وافعل التفضيل المذكر منه اَسمَعُ والجمع اَسامِعُ

والمؤنث منه سُمْعىٰ سُمْعَيات سُمَعٌ ـ

عکسِ تحریر

حضرت شیخ رحمہ اللہ تعالیٰ کے دستِ مبارک سے لکھے ہوئے
ایک اور باب کا عکس

ابواب مثال ثلاثی مزید -
باب اوّل مثال واوی از باب اِفعال
چون الاِیقادُ آتش افروختن
اَوْقَدَ یُوْقِدُ اِیقاداً فهو مُوقِدٌ
و اُوْقِدَ یُوْقَدُ اِیقاداً فذاک مُوقَدٌ لم یُوقِدْ
لم یُوْقَدْ لا یوقِدُ لا یوقَدُ لن یوقِدَ لن یوقَدَ
الامر منه اَوْقِدْ لتُوقَدْ لیُوقِدْ لیوقَدْ
والنهی عنه لا تُوقِدْ لا تُوقَدْ لا یُوقِدْ
لا یُوقَدْ
والظرف منه مُوقَدٌ مُوقَدانِ -

منتخب حصّہ از

صرفِ بہائی

(صرف بہائی کا وہ منتخب حصّہ جو
حضرت شیخ رحمہ اللہ تعالیٰ پڑھایا کرتے تھے،
اب اردو ترجمہ بھی شامل کردیا گیا ہے۔)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بداں اَسْعَدَکَ اللّٰہُ تَعَالیٰ فِی الدَّارَیْنِ کہ کلمات لغتِ عرب بر سہ قسم است اسم است و فعل است و حرف است ۔ اسم چوں رَجُلٌ و فَرَسٌ و فعل چوں ضَرَبَ و دَحْرَجَ و حرف چوں مِنْ و اِلیٰ ۔ اسم بر سہ قسم است ثلاثی و رباعی و خماسی ۔ ثلاثی سہ حرفی را گویند چوں زَیْدٌ و رباعی چہار حرفی را گویند چوں جَعْفَرٌ و خماسی پنج حرفی را گویند چوں سَفَرْجَلٌ ۔

ترجمہ : جان لے تُو ، نیک بخت کر دے اللہ تعالیٰ تجھے دونوں جہانوں میں ، کہ عربی زبان کے کلمات تین قسم پر ہیں اسم ، فعل اور حرف ۔ اسم جیسے رَجُلٌ اور فَرَسٌ اور فعل جیسے ضَرَبَ اور دَحْرَجَ اور حرف جیسے مِنْ اور اِلیٰ ۔ اسم تین قسم پر ہے ثلاثی ، رباعی اور خماسی ۔ ثلاثی تین حرف والے کو کہتے ہیں جیسے زَیْدٌ اور رباعی چار حرف والے کو کہتے ہیں جیسے جَعْفَرٌ اور خماسی پانچ حرف والے کو کہتے ہیں جیسے سَفَرْجَلٌ ۔

جَعْفَرٌ مرد کا نام ہے ۔ سَفَرْجَلٌ ایک مشہور پھل کا نام ہے جسے اردو میں بہی کہتے ہیں ۔

وفعل بر دو قسم است ثلاثی و رباعی ۔ ثلاثی چوں ضَرَبَ
و رباعی چوں دَحْرَجَ ۔ بدانکہ میزان کلام عرب فا و عین
ولام ست چوں جمع کنی فَعَلَ شود ۔ وحرف بر دو قسم
است حرف[ع٥] اصلی و حرف زائدہ ۔ حرف اصلی آنست
کہ در مقابلہ فا و عین ولام بود چوں ضَرَبَ بر وزن
فَعَلَ ۔ وحرف زائدہ آنست کہ در مقابلۂ ایں حروف نبود
چوں اَکْرَمَ بروزن اَفْعَلَ ۔

ترجمہ: اور فعل دو قسم پر ہے ثلاثی اور رباعی ۔ ثلاثی جیسے ضَرَبَ اور رباعی جیسے دَحْرَجَ ۔ جان لے تو کہ کلام عرب کا ترازو فا ، عین اور لام ہیں ، جب ان کو آپ جمع کریں تو فَعَلَ بن جاتا ہے ۔ اور حرف دو قسم پر ہے حرف اصلی اور حرف زائدہ ۔ حرف اصلی وہ جو فا ، عین اور لام کے مقابلے میں ہو جیسے ضَرَبَ ، فَعَلَ کے وزن پر اور حرف زائدہ وہ ہے جو اِن حروف (فا ، عین اور لام) کے مقابلے میں نہ ہو جیسے اَکْرَمَ ، اَفْعَلَ کے وزن پر ۔

میزان : ترازو ۔ ع٥ مذکورہ بالا عبارت میں حرف اصلی سے مراد حرف ہجا ہے نہ کہ کلمہ کی قسم ۔

وبدانکہ حرف اصلی در ثلاثی سہ است فا وعین ویک لام چوں ضَرَبَ بروزن فَعَلَ ۔ وحرف اصلی در رباعی چہار است فا وعین ودو لام چوں دَحْرَجَ بروزن فَعْلَلَ ۔ وحرف اصلی در خماسی پنج است فا وعین وسہ لام چوں جَحْمَرِشٌ بروزن فَعْلَلِلٌ ۔ بدانکہ ثلاثی بر دو قسم است ثلاثی مجرد وثلاثی مزید فیہ ۔ ثلاثی مجرد آنست کہ بر سہ حرف اصلی او چیزے زیادہ نبود چوں ضَرَبَ بروزن فَعَلَ

ترجمہ: اور جان لے تو کہ ثلاثی کے اندر حرف اصلی تین ہیں فا، عین اور ایک لام جیسے ضَرَبَ، فَعَلَ کے وزن پر اور رباعی کے اندر حرف اصلی چار ہیں فا، عین اور دو لام جیسے دَحْرَجَ، فَعْلَلَ کے وزن پر اور خماسی کے اندر حرف اصلی پانچ ہیں فا، عین اور تین لام جیسے جَحْمَرِشٌ، فَعْلَلِلٌ کے وزن پر۔ جان لے تو کہ ثلاثی دو قسم پر ہے ثلاثی مجرد اور ثلاثی مزید فیہ۔ ثلاثی مجرد وہ ہے کہ اس کے تین حرف اصلی پر کوئی چیز زیادہ نہ ہو جیسے ضَرَبَ، فَعَلَ کے وزن پر۔

جَحْمَرِشٌ: بہت بوڑھی عورت، بدصورت عورت، اپنے بچوں کو دودھ پلانے والی مادہ خرگوش۔

وثلاثی مزید فیہ آنست کہ از سہ حرف اصلی او چیزے زیادہ بود چوں اَکْرَمَ بروزن اَفْعَلَ۔ ورباعی نیز بردو قسم است رباعی مجرد ورباعی مزید فیہ۔ رباعی مجرد آنست کہ بر چہار حرف اصلی او چیزے زیادہ نبود چوں دَحْرَجَ بروزن فَعْلَلَ۔ ورباعی مزید فیہ آنست کہ از چہار حرف اصلی او چیزے زیادہ بود چوں تَدَحْرَجَ بروزن تَفَعْلَلَ۔ وخماسی نیز بردو قسم ست خماسی مجرد وخماسی مزید فیہ۔ خماسی مجرد آنست کہ بر پنج حرف اصلی او چیزے زیادہ نبود چوں جَحْمَرِشٌ بروزن فَعْلَلِلٌ۔

ترجمہ: اور ثلاثی مزید فیہ وہ ہے کہ اس کے تین حرف اصلی پر کوئی چیز زیادہ ہو جیسے اَکْرَمَ، اَفْعَلَ کے وزن پر۔ اور رباعی بھی دو قسم پر ہے، رباعی مجرد اور رباعی مزید فیہ۔ رباعی مجرد وہ ہے کہ اس کے چار حرف اصلی پر کوئی چیز زیادہ نہ ہو جیسے دَحْرَجَ، فَعْلَلَ کے وزن پر۔ اور رباعی مزید فیہ وہ ہے کہ اس کے چار حرف اصلی پر کوئی چیز زیادہ ہو جیسے تَدَحْرَجَ، تَفَعْلَلَ کے وزن پر۔ اور خماسی بھی دو قسم پر ہے، خماسی مجرد اور خماسی مزید فیہ۔ خماسی مجرد وہ ہے کہ اس کے پانچ حرف اصلی پر کوئی چیز زیادہ نہ ہو جیسے جَحْمَرِشٌ، فَعْلَلِلٌ کے وزن پر۔

وخماسی مزید فیہ آنست کہ از پنج حرف اصلی او چیزے زیادہ بود چوں خَنْدَرِیْسٌ بروزن فَعْلَلِیْلٌ۔ بدانکہ جملہ اقسام اسم وفعل از ہفت قسم بیرون نیست: صحیح است یا مہموز یا مضاعف یا مثال یا اجوف یا ناقص یا لفیف۔ صحیح آنست کہ در مقابلہ فا و عین ولام کلمہ اسم یا فعل حرفِ علّت و ہمزہ و تضعیف نبود چوں ضَرْبٌ (اسم) و ضَرَبَ (فعل) بروزن فَعْلٌ و فَعَلَ۔ وحرفِ علّت سہ اند واو والف ویا چوں جمع کنی وَایٌ شود۔

ترجمہ: اور خماسی مزید فیہ وہ ہے کہ اس کے پانچ حرف اصلی پر کوئی چیز زیادہ ہو جیسے خَنْدَرِیْسٌ، فَعْلَلِیْلٌ کے وزن پر۔ جان لے تو کہ اسم اور فعل کی تمام اقسام سات قسموں سے باہر نہیں ہیں۔ یا تو صحیح ہے یا مہموز ہے یا مضاعف یا مثال یا اجوف یا ناقص یا لفیف۔ صحیح وہ ہے کہ کلمۂ اسم یا فعل کے فا، عین اور لام کے مقابلے میں حرفِ علّت، ہمزہ اور دو حرف ایک جنس کے نہ ہوں جیسے ضَرْبٌ (اسم) و ضَرَبَ (فعل)، فَعْلٌ و فَعَلَ کے وزن پر۔ اور حرفِ علّت تین ہیں واو، الف اور یا۔ جب تو ان کو جمع کرے تو وَایٌ بن جائے گا۔ (ہفت اقسام کو اس شعر میں جمع کیا گیا ہے:

شعر
صحیح است ومثال است ومضاعف
لفیف وناقص ومہموز واجوف)

مہموز آنست کہ یک حرف اصلی او ہمزہ بود و مہموز بر سہ قسم ست مہموز الفاء و مہموز العین و مہموز اللام ۔ مہموز الفاء آنست کہ در مقابلۂ فا کلمہ اسم یا فعل ہمزہ بود چوں اَمْرٌ (اسم) وَاَمَرَ بروزن فَعْلٌ و فَعَلَ ۔ و مہموز العین آنست کہ در مقابلۂ عین کلمہ اسم یا فعل ہمزہ بود چوں سَأْلٌ و سَأَلَ بروزن فَعْلٌ و فَعَلَ ۔ مہموز اللام آنست کہ در مقابلۂ لام کلمہ اسم یا فعل ہمزہ بود چوں قَرْءٌ و قَرَءَ بروزن فَعْلٌ و فَعَلَ ۔ و مضاعف آنست کہ دو حرف اصلی او از یک جنس باشند۔

ترجمہ: مہموز وہ ہے کہ اس کا ایک حرف اصلی ہمزہ ہو، اور مہموز تین قسم پر ہے مہموز الفاء، مہموز العین اور مہموز اللام۔ مہموز الفاء وہ ہے کہ کلمۂ اسم یا فعل کے فا کے مقابلے میں ہمزہ ہو جیسے اَمْرٌ و اَمَرَ، فَعْلٌ و فَعَلَ کے وزن پر۔ مہموز العین وہ ہے کہ کلمۂ اسم یا فعل کے عین کے مقابلے میں ہمزہ ہو جیسے سَأْلٌ و سَأَلَ، فَعْلٌ و فَعَلَ کے وزن پر۔ مہموز اللام وہ ہے کہ کلمۂ اسم یا فعل کے لام کے مقابلے میں ہمزہ ہو جیسے قَرْءٌ و قَرَءَ، فَعْلٌ و فَعَلَ کے وزن پر۔

اور مضاعف وہ ہے کہ اس کے دو حرف اصلی ایک جنس کے ہوں

ومضاعف بر دو قسم است مضاعف ثلاثی و مضاعف رباعی مضاعف ثلاثی آنست کہ در مقابلۂ عین و لام کلمہ اسم یا فعل دو حرف از یک جنس باشند چوں مَدٌّ (اسم) و مَدَّ (فعل) کہ در اصل مَدَدٌ و مَدَدَ بودہ است بروزن فَعَلٌ و فَعَلَ ۔ ومضاعف رباعی آنست کہ در مقابلۂ فا و لام اولیٰ و عین و لام ثانی اسم یا فعل دو حرف از یک جنس باشند چوں زَلْزَلَ (فعل) و زِلْزَالًا (اسم) بروزن فَعْلَلَ و فِعْلَالًا ۔ ومثال آنست کہ در مقابلۂ فا کلمہ اسم یا فعل حرف علت بود چوں وَصْلٌ و وَصَلَ بروزن فَعْلٌ و فَعَلَ ۔

ترجمہ: اور مضاعف دو قسم پر ہے، مضاعف ثلاثی اور مضاعف رباعی ۔ مضاعف ثلاثی وہ ہے کہ کلمۂ اسم یا فعل کے عین اور لام کے مقابلے میں دو حرف ایک جنس کے ہوں جیسے مَدٌّ و مَدَّ کے اصل میں مَدَدٌ اور مَدَدَ تھے، فَعَلٌ اور فَعَلَ کے وزن پر ۔ اور مضاعف رباعی وہ ہے کہ اسم یا فعل کے فا اور لام اوّل اور عین اور لام ثانی کے مقابلے میں دو حرف ایک جنس کے ہوں جیسے زَلْزَلَ اور زِلْزَالًا، فَعْلَلَ و فِعْلَالًا کے وزن پر ۔ اور مثال وہ ہے کہ کلمۂ اسم یا فعل کے فا کے مقابلے میں حرف علت آئے جیسے وَصْلٌ اور وَصَلَ، فَعْلٌ اور فَعَلَ کے وزن پر ۔

واجوف آنست کہ در مقابلہ عین کلمہ اسم یا فعل حرفِ علت بود چوں قَوْلٌ (اسم) وقَالَ (فعل) و بَیْعٌ (اسم) و بَاعَ (فعل) بر وزن فَعْلٌ و فَعَلَ۔ وناقص[1] آنست کہ در مقابلہ لام کلمہ اسم یا فعل حرف علّت بود چوں غَزْوٌ وغَزَا و رَمْیٌ و رَمٰی بروزن فَعْلٌ وفَعَلَ۔

ترجمہ: اور اجوف وہ ہے کہ کلمۂ اسم یا فعل کے عین کے مقابلے میں حرفِ علّت آئے جیسے قَوْلٌ وقَالَ اور بَیْعٌ وبَاعَ، فَعْلٌ وفَعَلَ کے وزن پر۔ اور ناقص وہ ہے کہ کلمۂ اسم یا فعل کے لام کے مقابلے میں حرف علّت آئے جیسے غَزْوٌ وغَزَا اور رَمْیٌ و رَمٰی، فَعْلٌ وفَعَلَ کے وزن پر۔

---

[1] مثال، اجوف اور ناقص کو ذہن میں پختہ کرنے کیلئے لفظ "مان" کو یاد رکھیں تو پھر ان میں فرق کرنے میں کبھی اشتباہ نہ ہوگا۔ لفظ "مان" بروزن فَعْل ہے۔ اس میں میم سے مثال، الف سے اجوف اور نون سے ناقص مراد ہے۔ اب جس صیغے کا پتہ لگانا ہو کہ یہ ناقص ہے یا اجوف یا مثال تو دیکھو کہ اس صیغے میں حرف علّت کس کے مقابلے میں ہے۔ اگر حرف علّت فاء کے مقابلے میں ہو تو اب لفظ "مان" کو دیکھو، یہاں فاء کے مقابلے میں میم ہے اور میم سے بنتا ہے مثال۔ معلوم ہوا کہ وہ صیغہ مثال کے ابواب سے ہے۔ اور اگر حرف علّت عین کے مقابلے میں ہو تو "مان" میں عین کے مقابلے میں الف ہے اور الف سے بنتا ہے اجوف۔ معلوم ہوا وہ اجوف کا صیغہ ہے۔ اسی طرح اگر اس صیغہ میں حرف علّت لام کے مقابلے میں ہوا تو لفظ "مان" میں لام کے مقابلے میں نون ہے اور نون سے بنتا ہے ناقص۔ معلوم ہوا کہ وہ ناقص کا صیغہ ہے۔ مثلاً ہم نے لفظ "خَوْف" کا پتہ چلانا ہے کہ یہ ناقص ہے، اجوف ہے یا مثال تو دیکھیں (بقیہ صـ۲۳ پر ملاحظہ کریں)

ولفیف بر دو قسم است لفیف مفروق ولفیف مقرون۔
لفیف مفروق آنست کہ در مقابلہ فاء ولام کلمہ اسم
یا فعل حرفِ علّت بود چوں وَقْیٌ ووَقیٰ بروزن فَعْلٌ وفَعَلَ۔
لفیف مقرون آنست کہ در مقابلہ عین ولام کلمہ اسم
یا فعل حرفِ علّت بود چوں طَیٌّ وطَوٰی وَحَیٌّ وحَیِیَ بروزن
فَعْلٌ وفَعَلَ یا فَعِلَ ۔
بدانکہ اسم بر دو قسم است اسم جامد واسم مصدر۔

ترجمہ : اور لفیف دو قسم پر ہے لفیف مفروق اور لفیف
مقرون۔ لفیف مفروق وہ ہے کہ کلمۂ اسم یا فعل کے فا
اور لام کے مقابلے میں حرف علّت آئے جیسے وَقْیٌ اور
وَقیٰ ، فَعْلٌ وفَعَلَ کے وزن پر۔ لفیف مقرون وہ ہے
کہ کلمۂ اسم یا فعل کے عین اور لام کے مقابلے میں حرفِ
علّت آئے جیسے طَیٌّ وطَوٰی اور حَیٌّ وحَیِیَ ، فَعْلٌ وفَعَلَ کے وزن پر۔
جان لے تو کہ اسم دو قسم پر ہے اسم جامد اور اسم مصدر۔

(بقیہ حاشیہ صـ۲۲) کہ خَوْفٌ بروزن فَعْلٌ میں حرف علت یعنی واو عین کے مقابلے میں ہے۔ اب لفظ "مان" میں دیکھیں وہ ن عین کے مقابلہ میں الف ہے اور الف سے اجوف بنتا ہے۔ معلوم ہوا کہ "خوف" ہفت اقسام میں اجوف ہے۔ تو لفظ "مان" کو سامنے رکھنے سے ان شاء اللہ کبھی بھی ناقص، اجوف اور مثال میں اشتباہ واقع نہ ہوگا۔ ۱۲ - محمد زبیر عفی عنہ ۔

اسم جامد آنست کہ ازوے چیزے اشتقاق کردہ نشود ودر آخر معنئ فارسئ او دال ونون یا تا ونون نباشد چوں رَجُلٌ و فَرَسٌ ۔ مصدر آنست کہ ازوے چیزے اشتقاق کردہ شود ودر آخر معنئ فارسئ او دال و نون یا تا ونون باشد چوں اَلضَّرْبُ زدن وَالْقَتْلُ کشتن ۔

ترجمہ : اسم جامد وہ ہے کہ اس سے کسی چیز کا اشتقاق نہ کیا جاتا ہو اور اس کے فارسی معنی کے آخر میں دال اور نون یا تا اور نون نہ ہو (یعنی فارسی معنی کے آخر میں "دَنْ" یا "تَنْ" نہ آئے) جیسے رَجُلٌ و فَرَسٌ ۔ اسم مصدر وہ ہے کہ اس سے کسی چیز کا اشتقاق کیا جاتا ہو اور اس کے فارسی معنی کے آخر میں دال اور نون یا تا اور نون ہو (یعنی فارسی معنی کے آخر میں "دَنْ" یا "تَنْ" آئے) جیسے اَلضَّرْبُ زدن وَالْقَتْلُ کشتن ۔ (اور اردو میں مصدر کا ترجمہ کریں تو آخر میں "نا" آتا ہے) ۔

بدانکہ عرب از ہر مصدر دوازدہ چیزے اشتقاق میکنند ۔

ترجمہ : جان لے کہ عرب ہر مصدر سے بارہ چیزوں کا اشتقاق کرتے ہیں :

ماضی ١	مضارع ٢	اسم فاعل ٣	اسم مفعول ٤	جحد ٥	نفی ٦
امر ٧	نہی ٨	اسم زمان ٩	اسم مکان ١٠	اسم آلہ ١١	اسم تفضیل ١٢
ماضی	گزشتہ زمانے کو کہتے ہیں		امر	کسی کام کا کہنا (حکم دینا)	
مضارع	زمانہ حال یا استقبال کو کہتے ہیں		نہی	کسی کام سے روکنا	
اسم فاعل	کام کرنے والے کے نام کو کہتے ہیں		اسم زمان	کام کرنے کے وقت کا نام ہے	
اسم مفعول	جس پر کام واقع ہوا ہو		اسم مکان	کام کرنے کی جگہ کا نام ہے	
جحد	انکارِ ماضی کو کہتے ہیں		اسم آلہ	اس چیز کا نام ہے جس کے ذریعہ کام کیا جائے	
نفی	مستقبل کے انکار کو کہتے ہیں		اسم تفضیل	بہتر کے نام کو کہتے ہیں	

بدانکہ فعل حدث ست او را محدثے مے باید ۔

ترجمہ : جان لے تو کہ فعل کام ہے، اس کیلئے کوئی کام کرنے والا چاہیئے (جیسے کھانا ایک کام ہے ، اس کیلئے کھانے والا چاہیئے ۔ پینا ایک کام ہے ، اس کیلئے پینے والا چاہیئے) ۔

محدث او فاعل اوست و فاعلِ فعل واحد بود و تثنیہ بود و جمع بود ۔ و ہر یک ازیں سہ متکلم بود و مخاطب بود و غائب بود ۔ و ہر یک ازیں سہ مذکر بود و مؤنث بود ۔ واحد یکے تثنیہ دو جمع زیادہ از دو ۔ و متکلم سخن گوینده را گویند ۔ مخاطب آنکہ با وے سخن کنند ۔ غائب آنکہ از وے سخن کنند ۔ مذکر مرد مؤنث زن ۔ ماضی بر دو قسم است ماضی معلوم و ماضی مجہول ۔

ترجمہ : فعل کو کرنے والا فاعل کہلاتا ہے اور فعل کا فاعل واحد ہوگا یا تثنیہ ہوگا یا جمع ہوگا ۔ اور ان تینوں میں سے ہر ایک متکلم ہوگا اور مخاطَب ہوگا اور غائب ہوگا ۔ اور ان تینوں میں سے ہر ایک مذکر ہوگا اور مؤنث ہوگا ۔ واحد ایک کو کہتے ہیں ، تثنیہ دو کو اور جمع دو سے زیادہ کو کہتے ہیں ۔ اور متکلم بات کرنے والے کو کہتے ہیں اور مخاطَب وہ ہے جس کے ساتھ بات کی جائے اور غائب وہ ہے کہ اس کے بارے میں بات کی جائے ۔ مذکر مرد کو کہتے ہیں اور مؤنث عورت کو ۔ ماضی دو قسم پر ہے ماضی معلوم اور ماضی مجہول ۔

ماضی معلوم را چہاردہ صیغہ است۔ شش ازاں غائب را وشش ازاں مخاطب را بود ودو ازاں حکایت نفس متکلم را بود۔ آں شش کہ غائب را بود سہ ازاں مذکر را بود وسہ ازاں مؤنث را بود۔ وآں شش کہ مخاطب را بود سہ ازاں مذکر را بود وسہ ازاں مؤنث را بود۔ وآں دو کہ متکلم را بود یکے ازاں واحد متکلم را بود خواہ مذکر بود آں متکلم خواہ مؤنث

ترجمہ: ماضی معلوم کے چودہ صیغے ہیں، چھ ان میں سے غائب کے ہیں اور چھ ان میں سے مخاطب کے ہیں، اور دو ان میں سے نفسِ متکلم کی حکایت کیلئے ہیں۔ وہ چھ صیغے جو غائب کیلئے ہیں تین ان میں سے مذکر غائب کیلئے ہیں اور تین ان میں سے مؤنث غائب کیلئے ہیں۔ اور وہ چھ صیغے جو مخاطب کیلئے ہیں تین ان میں سے مذکر مخاطب کیلئے ہیں اور تین ان میں سے مؤنث مخاطب کیلئے ہیں۔ اور وہ دو صیغے جو متکلم کیلئے ہیں ایک ان میں سے واحد متکلم کے لئے ہے خواہ وہ متکلم مذکر ہو یا مؤنث

ودوم متکلم مع الغیر را بود خواہ تثنیہ بود آں متکلم خواہ جمع ، خواہ مذکر بود خواہ مؤنث ۔
اکنوں معانی دوازدہ اقسام بزبانِ پارسی بیان میکنیم ، بِعَوْنِ اللّٰهِ تَعَالیٰ وَتَوْفِيْقِهٖ ۔ رَبِّ يَسِّرْ ۔

ترجمہ : اور دوسرا متکلم کا صیغہ متکلم مع الغیر کیلئے ہے خواہ وہ متکلم تثنیہ ہو یا جمع ، خواہ مذکر ہو خواہ مؤنث ۔

اب میں ان بارہ اقسام کے معانی فارسی زبان[1] میں بیان کرتا ہوں ، اللہ تعالیٰ کی مدد اور توفیق کے ساتھ ۔ اے میرے پروردگار آسان فرما ۔

---

[1] طلباء کی آسانی کے لئے کتاب ھذا میں ان بارہ اقسام کے معانی فارسی کی بجائے اردو زبان میں درج کئے گئے ہیں ۔ ۱۲

صرف کبیر فعل ماضی معلوم

فعل ماضی معلوم	صرف کبیر فعل ماضی معلوم		
ضَرَبَ	مارا اس ایک مرد نے زمانہ گزشتہ میں	صیغہ واحد مذکر غائب	فعل ماضی معلوم
ضَرَبَا	مارا ان دو مردوں نے زمانہ گزشتہ میں	صیغہ تثنیہ مذکر غائب	//
ضَرَبُوْا	مارا ان سب مردوں نے زمانہ گزشتہ میں	صیغہ جمع مذکر غائب	//
ضَرَبَتْ	مارا اس ایک عورت نے زمانہ گزشتہ میں	صیغہ واحد مؤنث غائب	//
ضَرَبَتَا	مارا ان دو عورتوں نے زمانہ گزشتہ میں	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	//
ضَرَبْنَ	مارا ان سب عورتوں نے زمانہ گزشتہ میں	صیغہ جمع مؤنث غائب	//
ضَرَبْتَ	مارا تو ایک مرد نے زمانہ گزشتہ میں	صیغہ واحد مذکر حاضر	//
ضَرَبْتُمَا	مارا تم دو مردوں نے زمانہ گزشتہ میں	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	//
ضَرَبْتُمْ	مارا تم سب مردوں نے زمانہ گزشتہ میں	صیغہ جمع مذکر حاضر	//
ضَرَبْتِ	مارا تو ایک عورت نے زمانہ گزشتہ میں	صیغہ واحد مؤنث حاضر	//
ضَرَبْتُمَا	مارا تم دو عورتوں نے زمانہ گزشتہ میں	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	//
ضَرَبْتُنَّ	مارا تم سب عورتوں نے زمانہ گزشتہ میں	صیغہ جمع مؤنث حاضر	//
ضَرَبْتُ	مارا میں ایک مرد یا ایک عورت نے زمانہ گزشتہ میں	صیغہ واحد متکلم	//
ضَرَبْنَا	مارا ہم دو مردوں یا دو عورتوں نے یا سب مردوں یا سب عورتوں نے زمانہ گزشتہ میں	صیغہ جمع متکلم وتثنیہ متکلم یا صیغہ متکلم مع الغیر	//

فعل ماضی مجہول	صرف کبیر فعل ماضی مجہول		
ضُرِبَ [١]	مارا گیا وہ ایک مرد زمانہ گزشتہ میں	صیغہ واحد مذکر غائب	فعل ماضی مجہول
ضُرِبَا	مارے گئے وہ دو مرد زمانہ گزشتہ میں	صیغہ تثنیہ مذکر غائب	//
ضُرِبُوْا	مارے گئے وہ سب مرد زمانہ گزشتہ میں	صیغہ جمع مذکر غائب	//
ضُرِبَتْ	ماری گئی وہ ایک عورت زمانہ گزشتہ میں	صیغہ واحد مؤنث غائب	//
ضُرِبَتَا	ماری گئیں وہ دو عورتیں زمانہ گزشتہ میں	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	//
ضُرِبْنَ	ماری گئیں وہ سب عورتیں زمانہ گزشتہ میں	صیغہ جمع مؤنث غائب	//
ضُرِبْتَ	مارا گیا تو ایک مرد زمانہ گزشتہ میں	صیغہ واحد مذکر حاضر	//
ضُرِبْتُمَا	مارے گئے تم دو مرد زمانہ گزشتہ میں	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	//
ضُرِبْتُمْ	مارے گئے تم سب مرد زمانہ گزشتہ میں	صیغہ جمع مذکر حاضر	//
ضُرِبْتِ	ماری گئی تو ایک عورت زمانہ گزشتہ میں	صیغہ واحد مؤنث حاضر	//
ضُرِبْتُمَا	ماری گئیں تم دو عورتیں زمانہ گزشتہ میں	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	//
ضُرِبْتُنَّ	ماری گئیں تم سب عورتیں زمانہ گزشتہ میں	صیغہ جمع مؤنث حاضر	//
ضُرِبْتُ	مارا گیا میں ایک مرد یا ایک عورت زمانہ گزشتہ میں	صیغہ واحد متکلم	//
ضُرِبْنَا	مارے گئے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا ہم سب مرد یا سب عورتیں زمانہ گزشتہ میں	صیغہ جمع متکلم	//

[١] ماضی مجہول کو ماضی معروف سے بناتے ہیں، یعنی ضُرِبَ کو ضَرَبَ سے بنایا گیا۔ پہلے حرف کو ضمہ دیا اور دوسرے کو کسرہ تو ضُرِبَ بن گیا۔ اسی طرح ضُرِبَا ضَرَبَا سے بنایا گیا گردان کے آخر تک - ١٢

فعل مضارع معلوم	صرف کبیر فعل مضارع معلوم			
یَضْرِبُ [۱]	مارتا ہے یا مارے گا وہ ایک مرد	زمانہ حال یا استقبال میں	صیغہ واحد مذکر غائب	فعل مضارع معلوم
یَضْرِبَانِ	مارتے ہیں یا ماریں گے وہ دو مرد	〃	صیغہ تثنیہ مذکر غائب	〃
یَضْرِبُوْنَ	مارتے ہیں یا ماریں گے وہ سب مرد	〃	صیغہ جمع مذکر غائب	〃
تَضْرِبُ	مارتی ہے یا مارے گی وہ ایک عورت	〃	صیغہ واحد مؤنث غائب	〃
تَضْرِبَانِ	مارتی ہیں یا ماریں گی وہ دو عورتیں	〃	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	〃
یَضْرِبْنَ	مارتی ہیں یا ماریں گی وہ سب عورتیں	〃	صیغہ جمع مؤنث غائب	〃
تَضْرِبُ	مارتا ہے یا مارے گا تو ایک مرد	〃	صیغہ واحد مذکر حاضر	〃
تَضْرِبَانِ	مارتے ہو یا مارو گے تم دو مرد	〃	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	〃
تَضْرِبُوْنَ	مارتے ہو یا مارو گے تم سب مرد	〃	صیغہ جمع مذکر حاضر	〃
تَضْرِبِیْنَ	مارتی ہے یا مارے گی تو ایک عورت	〃	صیغہ واحد مؤنث حاضر	〃
تَضْرِبَانِ	مارتی ہو یا مارو گی تم دو عورتیں	〃	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	〃
تَضْرِبْنَ	مارتی ہو یا مارو گی تم سب عورتیں	〃	صیغہ جمع مؤنث حاضر	〃
اَضْرِبُ	مارتا ہوں یا ماروں گا میں ایک مرد یا ایک عورت	〃	صیغہ واحد متکلم	〃
نَضْرِبُ	مارتے ہیں یا ماریں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا ہم سب مرد یا سب عورتیں	〃	صیغہ جمع متکلم	〃

[۱] مضارع معروف کو ماضی معروف سے بناتے ہیں، یعنی یَضْرِبُ کو ضَرَبَ سے بنایا گیا۔ ضَرَبَ کے شروع میں حرف فا کو ساکن کرنے کے بعد حروف "اَتَیْنَ" میں سے ایک مفتوح حرف کو لے آئے اور پھر عین کے فتحہ کو کسرہ سے بدل دیا گیا اور پھر لام کو ضمۂ اعرابی دیا گیا تو یَضْرِبُ ہو گیا۔ اسی طرح باقی صیغوں میں کیا گیا۔ ۱۲

فعل مضارع مجہول	# صرف کبیر فعل مضارع مجہول

یُضْرَبُ [۱]	مارا جاتا ہے یا مارا جائیگا وہ ایک مرد	زمانہ حال یا استقبال میں	صیغہ واحد مذکر غائب	فعل مضارع مجہول
یُضْرَبَانِ	مارے جاتے ہیں یا مارے جائیں گے وہ دو مرد	″	صیغہ تثنیہ مذکر غائب	″
یُضْرَبُوْنَ	مارے جاتے ہیں یا مارے جائیں گے وہ سب مرد	″	صیغہ جمع مذکر غائب	″
تُضْرَبُ	ماری جاتی ہے یا ماری جائیگی وہ ایک عورت	″	صیغہ واحد مؤنث غائب	″
تُضْرَبَانِ	ماری جاتی ہیں یا ماری جائینگی وہ دو عورتیں	″	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	″
یُضْرَبْنَ	ماری جاتی ہیں یا ماری جائینگی وہ سب عورتیں	″	صیغہ جمع مؤنث غائب	″
تُضْرَبُ	مارا جاتا ہے یا مارا جائیگا تو ایک مرد	″	صیغہ واحد مذکر حاضر	″
تُضْرَبَانِ	مارے جاتے ہو یا مارے جاؤ گے تم دو مرد	″	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	″
تُضْرَبُوْنَ	مارے جاتے ہو یا مارے جاؤ گے تم سب مرد	″	صیغہ جمع مذکر حاضر	″
تُضْرَبِیْنَ	ماری جاتی ہے یا ماری جائیگی تو ایک عورت	″	صیغہ واحد مؤنث حاضر	″
تُضْرَبَانِ	ماری جاتی ہو یا ماری جاؤ گی تم دو عورتیں	″	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	″
تُضْرَبْنَ	ماری جاتی ہو یا ماری جاؤ گی تم سب عورتیں	″	صیغہ جمع مؤنث حاضر	″
اُضْرَبُ	مارا جاتا ہوں یا مارا جاؤنگا میں ایک مرد یا ایک عورت	″	صیغہ واحد متکلم	″
نُضْرَبُ	مارے جاتے ہیں یا مارے جائیں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا ہم سب مرد یا سب عورتیں	″	صیغہ جمع متکلم	″

[۱] مضارع مجہول کو مضارع معروف سے بناتے ہیں، یعنی یُضْرَبُ کو یَضْرِبُ سے بنایا گیا۔ حرفِ اول کو ضمہ دیا گیا اور آخر سے ماقبل کو فتحہ دیا گیا تو یُضْرَبُ ہوا ۔ اسی طرح باقی صیغے بھی بنائے گئے ۔ ۱۲

صرف کبیر اسمِ فاعل

ضَارِبٌ [1]	مارنے والا ایک مرد	صیغہ واحد مذکر اسم فاعل
ضَارِبَانِ	مارنے والے دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل
ضَارِبُوْنَ	مارنے والے سب مرد	صیغہ جمع مذکر اسم فاعل
ضَارِبَۃٌ	مارنے والی ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث اسم فاعل
ضَارِبَتَانِ	مارنے والی دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث اسم فاعل
ضَارِبَاتٌ	مارنے والی سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث سالم اسم فاعل

صرف کبیر اسم مفعول

مَضْرُوْبٌ	ایک مرد مارا ہوا	صیغہ واحد مذکر اسم مفعول
مَضْرُوْبَانِ	دو مرد مارے ہوئے	صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول
مَضْرُوْبُوْنَ	سب مرد مارے ہوئے	صیغہ جمع مذکر اسم مفعول
مَضْرُوْبَۃٌ	ایک عورت ماری ہوئی	صیغہ واحد مؤنث اسم مفعول
مَضْرُوْبَتَانِ	دو عورتیں ماری ہوئیں	صیغہ تثنیہ مؤنث اسم مفعول
مَضْرُوْبَاتٌ	سب عورتیں ماری ہوئیں	صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول
مَضَارِیْبُ	سب عورتیں ماری ہوئیں	صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم مفعول
مُضَیْرِیْبٌ	ایک مرد تھوڑا سا مارا ہوا	صیغہ واحد مذکر مصغر اسم مفعول
وَمُضَیْرِیْبَۃٌ	ایک عورت تھوڑی سی ماری ہوئی	صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم مفعول

[1] اسم فاعل کو فعل مضارع معروف سے بناتے ہیں، یعنی ضَارِبٌ کو یَضْرِبُ سے بنایا گیا حرف مضارع یعنی یا کو حذف کیا گیا، فاء کو فتحہ دیا گیا، پھر فاء اور عین کے درمیان الف زائدہ کو بڑھایا گیا اور پھر صیغے کے آخر میں تنوین کا اضافہ کر دیا گیا تاکہ اسم کا فرق ہوجائے فعل سے تو ضَارِبٌ ہوا۔ ۱۲

صرف کبیر فعل جحد معلوم

فعل جحد معلوم

لَمْ یَضْرِبْ	نہیں مارا اس ایک مرد نے	زمانہ گزشتہ میں	صیغہ واحد مذکر غائب	فعل جحد معلوم
لَمْ یَضْرِبَا	نہیں مارا ان دو مردوں نے	//	صیغہ تثنیہ مذکر غائب	//
لَمْ یَضْرِبُوْا	نہیں مارا ان سب مردوں نے	//	صیغہ جمع مذکر غائب	//
لَمْ تَضْرِبْ	نہیں مارا اس ایک عورت نے	//	صیغہ واحد مؤنث غائب	//
لَمْ تَضْرِبَا	نہیں مارا ان دو عورتوں نے	//	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	//
لَمْ یَضْرِبْنَ	نہیں مارا ان سب عورتوں نے	//	صیغہ جمع مؤنث غائب	//
لَمْ تَضْرِبْ	نہیں مارا تو ایک مرد نے	//	صیغہ واحد مذکر حاضر	//
لَمْ تَضْرِبَا	نہیں مارا تم دو مردوں نے	//	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	//
لَمْ تَضْرِبُوْا	نہیں مارا تم سب مردوں نے	//	صیغہ جمع مذکر حاضر	//
لَمْ تَضْرِبِیْ	نہیں مارا تو ایک عورت نے	//	صیغہ واحد مؤنث حاضر	//
لَمْ تَضْرِبَا	نہیں مارا تم دو عورتوں نے	//	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	//
لَمْ تَضْرِبْنَ	نہیں مارا تم سب عورتوں نے	//	صیغہ جمع مؤنث حاضر	//
لَمْ اَضْرِبْ	نہیں مارا میں ایک مرد یا ایک عورت نے	//	صیغہ واحد متکلم	//
لَمْ نَضْرِبْ	نہیں مارا ہم دو مردوں یا دو عورتوں نے یا ہم سب مردوں یا سب عورتوں نے	//	صیغہ جمع متکلم	//

ے فعل جحد معلوم کو فعل مضارع معلوم سے بناتے ہیں، یعنی لَمْ یَضْرِبْ کو یَضْرِبُ سے بنایا گیا۔ فعل مضارع کے شروع میں لَمْ جازمہ لایا گیا اور آخر میں جزم دیا گیا تو لَمْ یَضْرِبْ ہوا۔ جن صیغوں کے آخر میں نون اعرابی تھا تو لَمْ جازمہ کی وجہ سے وہ نون اعرابی گر گیا۔ نون اعرابی سات صیغوں کے آخر میں آتا ہے یضربان، یضربون، تضربان، تضربان، تضربون، تضربین اور تضربان۔ جمع مؤنث کے دو صیغے یعنی یضربن اور تضربن میں نون اعرابی نہیں بلکہ ضمیر ہے اس لئے وہ نہیں گرے گا۔ فعل مضارع میں جمع مؤنث کے یہ دو صیغے مبنی ہیں جبکہ مضارع کے باقی تمام صیغے معرب ہیں۔ لَمْ جازمہ فعل مضارع کے معنی کو ماضی منفی میں بدل دیتا ہے۔ ۱۲

فعل جحد مجہول	صرف کبیر فعل جحد مجہول			
لَمْ یُضْرَبْ	نہیں مارا گیا وہ ایک مرد	زمانہ گزشتہ میں	صیغہ واحد مذکر غائب	فعل جحد مجہول
لَمْ یُضْرَبَا	نہیں مارے گئے وہ دو مرد	//	صیغہ تثنیہ مذکر غائب	//
لَمْ یُضْرَبُوْا	نہیں مارے گئے وہ سب مرد	//	صیغہ جمع مذکر غائب	//
لَمْ تُضْرَبْ	نہیں ماری گئی وہ ایک عورت	//	صیغہ واحد مؤنث غائب	//
لَمْ تُضْرَبَا	نہیں ماری گئیں وہ دو عورتیں	//	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	//
لَمْ یُضْرَبْنَ	نہیں ماری گئیں وہ سب عورتیں	//	صیغہ جمع مؤنث غائب	//
لَمْ تُضْرَبْ	نہیں مارا گیا تو ایک مرد	//	صیغہ واحد مذکر حاضر	//
لَمْ تُضْرَبَا	نہیں مارے گئے تم دو مرد	//	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	//
لَمْ تُضْرَبُوْا	نہیں مارے گئے تم سب مرد	//	صیغہ جمع مذکر حاضر	//
لَمْ تُضْرَبِیْ	نہیں ماری گئی تو ایک عورت	//	صیغہ واحد مؤنث حاضر	//
لَمْ تُضْرَبَا	نہیں ماری گئیں تم دو عورتیں	//	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	//
لَمْ تُضْرَبْنَ	نہیں ماری گئیں تم سب عورتیں	//	صیغہ جمع مؤنث حاضر	//
لَمْ اُضْرَبْ	نہیں مارا گیا میں ایک مرد یا ایک عورت	//	صیغہ واحد متکلم	//
لَمْ نُضْرَبْ	نہیں مارے گئے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا ہم سب مرد یا سب عورتیں	//	صیغہ جمع متکلم	//

صرف کبیر فعل نفی معلوم

فعل نفی معلوم

لَايَضْرِبُ	نہیں مارتا ہے یا نہیں مارے گا وہ ایک مرد	زمانہ حال یا استقبال میں	صیغہ واحد مذکر غائب	فعل نفی معلوم
لَايَضْرِبَانِ	نہیں مارتے ہیں یا نہیں ماریں گے وہ دو مرد	〃	صیغہ تثنیہ مذکر غائب	〃
لَايَضْرِبُوْنَ	نہیں مارتے ہیں یا نہیں ماریں گے وہ سب مرد	〃	صیغہ جمع مذکر غائب	〃
لَاتَضْرِبُ	نہیں مارتی ہے یا نہیں مارے گی وہ ایک عورت	〃	صیغہ واحد مؤنث غائب	〃
لَاتَضْرِبَانِ	نہیں مارتی ہیں یا نہیں ماریں گی وہ دو عورتیں	〃	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	〃
لَايَضْرِبْنَ	نہیں مارتی ہیں یا نہیں ماریں گی وہ سب عورتیں	〃	صیغہ جمع مؤنث غائب	〃
لَاتَضْرِبُ	نہیں مارتا ہے یا نہیں مارے گا تو ایک مرد	〃	صیغہ واحد مذکر حاضر	〃
لَاتَضْرِبَانِ	نہیں مارتے ہو یا نہیں مارو گے تم دو مرد	〃	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	〃
لَاتَضْرِبُوْنَ	نہیں مارتے ہو یا نہیں مارو گے تم سب مرد	〃	صیغہ جمع مذکر حاضر	〃
لَاتَضْرِبِيْنَ	نہیں مارتی ہے یا نہیں مارے گی تو ایک عورت	〃	صیغہ واحد مؤنث حاضر	〃
لَاتَضْرِبَانِ	نہیں مارتی ہو یا نہیں مارو گی تم دو عورتیں	〃	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	〃
لَاتَضْرِبْنَ	نہیں مارتی ہو یا نہیں مارو گی تم سب عورتیں	〃	صیغہ جمع مؤنث حاضر	〃
لَااَضْرِبُ	نہیں مارتا ہوں یا نہیں ماروں گا میں ایک مرد یا ایک عورت	〃	صیغہ واحد متکلم	〃
لَانَضْرِبُ	نہیں مارتے ہیں یا نہیں ماریں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا ہم سب مرد یا سب عورتیں	〃	صیغہ جمع متکلم	〃

صرف کبیر فعل نفی مجہول

فعل نفی مجہول

لَا یُضْرَبُ	نہیں مارا جاتا ہے یا نہیں مارا جائیگا وہ ایک مرد	زمانہ حال یا استقبال میں	صیغہ واحد مذکر غائب	فعل نفی مجہول
لَا یُضْرَبَانِ	نہیں مارے جاتے ہیں یا نہیں مارے جائیں گے وہ دو مرد	//	صیغہ تثنیہ مذکر غائب	//
لَا یُضْرَبُوْنَ	نہیں مارے جاتے ہیں یا نہیں مارے جائیں گے وہ سب مرد	//	صیغہ جمع مذکر غائب	//
لَا تُضْرَبُ	نہیں ماری جاتی ہے یا نہیں ماری جائے گی وہ ایک عورت	//	صیغہ واحد مؤنث غائب	//
لَا تُضْرَبَانِ	نہیں ماری جاتی ہیں یا نہیں ماری جائیں گی وہ دو عورتیں	//	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	//
لَا یُضْرَبْنَ	نہیں ماری جاتی ہیں یا نہیں ماری جائیں گی وہ سب عورتیں	//	صیغہ جمع مؤنث غائب	//
لَا تُضْرَبُ	نہیں مارا جاتا ہے یا نہیں مارا جائے گا تو ایک مرد	//	صیغہ واحد مذکر حاضر	//
لَا تُضْرَبَانِ	نہیں مارے جاتے ہو یا نہیں مارے جاؤ گے تم دو مرد	//	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	//
لَا تُضْرَبُوْنَ	نہیں مارے جاتے ہو یا نہیں مارے جاؤ گے تم سب مرد	//	صیغہ جمع مذکر حاضر	//
لَا تُضْرَبِیْنَ	نہیں ماری جاتی ہے یا نہیں ماری جائے گی تو ایک عورت	//	صیغہ واحد مؤنث حاضر	//
لَا تُضْرَبَانِ	نہیں ماری جاتی ہو یا نہیں ماری جاؤ گی تم دو عورتیں	//	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	//
لَا تُضْرَبْنَ	نہیں ماری جاتی ہو یا نہیں ماری جاؤ گی تم سب عورتیں	//	صیغہ جمع مؤنث حاضر	//
لَا اُضْرَبُ	نہیں مارا جاتا ہوں یا نہیں مارا جاؤں گا میں ایک مرد یا ایک عورت	//	صیغہ واحد متکلم	//
لَا نُضْرَبُ	نہیں مارے جاتے ہیں یا نہیں مارے جائیں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا ہم سب مرد یا سب عورتیں	//	صیغہ جمع متکلم	//

صرف کبیر فعل نفی معلوم مؤکد بالَن[1] ناصبہ

فعل نفی مؤکد معلوم

لَن يَّضْرِبَ	ہرگز نہیں مارے گا وہ ایک مرد	زمانہ استقبال میں	صیغہ واحد مذکر غائب	فعل نفی مؤکد معلوم
لَن يَّضْرِبَا	ہرگز نہیں ماریں گے وہ دو مرد	//	صیغہ تثنیہ مذکر غائب	//
لَن يَّضْرِبُوا	ہرگز نہیں ماریں گے وہ سب مرد	//	صیغہ جمع مذکر غائب	//
لَن تَضْرِبَ	ہرگز نہیں مارے گی وہ ایک عورت	//	صیغہ واحد مؤنث غائب	//
لَن تَضْرِبَا	ہرگز نہیں ماریں گی وہ دو عورتیں	//	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	//
لَن يَّضْرِبْنَ	ہرگز نہیں ماریں گی وہ سب عورتیں	//	صیغہ جمع مؤنث غائب	//
لَن تَضْرِبَ	ہرگز نہیں مارے گا تو ایک مرد	//	صیغہ واحد مذکر حاضر	//
لَن تَضْرِبَا	ہرگز نہیں مارو گے تم دو مرد	//	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	//
لَن تَضْرِبُوا	ہرگز نہیں مارو گے تم سب مرد	//	صیغہ جمع مذکر حاضر	//
لَن تَضْرِبِي	ہرگز نہیں مارے گی تو ایک عورت	//	صیغہ واحد مؤنث حاضر	//
لَن تَضْرِبَا	ہرگز نہیں مارو گی تم دو عورتیں	//	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	//
لَن تَضْرِبْنَ	ہرگز نہیں مارو گی تم سب عورتیں	//	صیغہ جمع مؤنث حاضر	//
لَن اَضْرِبَ	ہرگز نہیں ماروں گا میں ایک مرد یا ایک عورت	//	صیغہ واحد متکلم	//
لَن نَضْرِبَ	ہرگز نہیں ماریں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا ہم سب مرد یا سب عورتیں	//	صیغہ جمع متکلم	//

[1] لن ناصبہ فعل مضارع کے معنی کو مستقبل کے ساتھ خاص کر کے اس میں نفی پیدا کر دیتا ہے لہذا مضارع میں حال کا معنی باقی نہیں رہتا۔ لن ناصبہ فعل مضارع پر داخل ہو تو اس کے آخر سے ضمہ گرا کر نصب دے دیتا ہے جبکہ وہ سات صیغے جن کے آخر میں نونِ اعرابی ہے تو لن ناصبہ اس نون اعرابی کو گرا دیتا ہے۔ جمع مؤنث کے دو صیغوں میں کوئی تبدیلی نہیں آتی۔ ۱۲

فعل نفی مؤکد مجہول	صرف کبیر فعل نفی مجہول مؤکد بلَنْ ناصبہ			
لَنْ یُّضْرَبَ	ہرگز نہیں مارا جائیگا وہ ایک مرد	زمانہ استقبال میں	صیغہ واحد مذکر غائب	فعل نفی مؤکد مجہول
لَنْ یُّضْرَبَا	ہرگز نہیں مارے جائیں گے وہ دو مرد	〃	صیغہ تثنیہ مذکر غائب	〃
لَنْ یُّضْرَبُوْا	ہرگز نہیں مارے جائیں گے وہ سب مرد	〃	صیغہ جمع مذکر غائب	〃
لَنْ تُضْرَبَ	ہرگز نہیں ماری جائیگی وہ ایک عورت	〃	صیغہ واحد مؤنث غائب	〃
لَنْ تُضْرَبَا	ہرگز نہیں ماری جائیں گی وہ دو عورتیں	〃	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	〃
لَنْ یُّضْرَبْنَ	ہرگز نہیں ماری جائیں گی وہ سب عورتیں	〃	صیغہ جمع مؤنث غائب	〃
لَنْ تُضْرَبَ	ہرگز نہیں مارا جائے گا تو ایک مرد	〃	صیغہ واحد مذکر حاضر	〃
لَنْ تُضْرَبَا	ہرگز نہیں مارے جاؤ گے تم دو مرد	〃	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	〃
لَنْ تُضْرَبُوْا	ہرگز نہیں مارے جاؤ گے تم سب مرد	〃	صیغہ جمع مذکر حاضر	〃
لَنْ تُضْرَبِیْ	ہرگز نہیں ماری جائیگی تو ایک عورت	〃	صیغہ واحد مؤنث حاضر	〃
لَنْ تُضْرَبَا	ہرگز نہیں ماری جاؤ گی تم دو عورتیں	〃	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	〃
لَنْ تُضْرَبْنَ	ہرگز نہیں ماری جاؤ گی تم سب عورتیں	〃	صیغہ جمع مؤنث حاضر	〃
لَنْ اُضْرَبَ	ہرگز نہیں مارا جاؤنگا میں ایک مرد یا ایک عورت	〃	صیغہ واحد متکلم	〃
لَنْ نُّضْرَبَ	ہرگز نہیں مارے جائیں گے ہم دو مرد یا دو عورتیں یا ہم سب مرد یا سب عورتیں	〃	صیغہ جمع متکلم	〃

فعل امر حاضر معلوم بے لام	صرف کبیر فعل امر حاضر معلوم بے لام			
اِضْرِبْ	مار تو ایک مرد	زمانہ استقبال میں	صیغہ واحد مذکر حاضر	امر حاضر معلوم بے لام
اِضْرِبَا	مارو تم دو مرد	//	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	//
اِضْرِبُوْا	مارو تم سب مرد	//	صیغہ جمع مذکر حاضر	//
اِضْرِبِیْ	مار تو ایک عورت	//	صیغہ واحد مؤنث حاضر	//
اِضْرِبَا	مارو تم دو عورتیں	//	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	//
اِضْرِبْنَ	مارو تم سب عورتیں	//	صیغہ جمع مؤنث حاضر	//

فعل امر حاضر مجہول بالام	صرف کبیر فعل امر حاضر مجہول بالام			
لِتُضْرَبْ	چاہیئے کہ مارا جائے تو ایک مرد	زمانہ استقبال میں	صیغہ واحد مذکر حاضر	فعل امر حاضر مجہول بالام
لِتُضْرَبَا	چاہیئے کہ مارے جاؤ تم دو مرد	//	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	//
لِتُضْرَبُوْا	چاہیئے کہ مارے جاؤ تم سب مرد	//	صیغہ جمع مذکر حاضر	//
لِتُضْرَبِیْ	چاہیئے کہ ماری جائے تو ایک عورت	//	صیغہ واحد مؤنث حاضر	//
لِتُضْرَبَا	چاہیئے کہ ماری جاؤ تم دو عورتیں	//	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	//
لِتُضْرَبْنَ	چاہیئے کہ ماری جاؤ تم سب عورتیں	//	صیغہ جمع مؤنث حاضر	//

فعل امر غائب معلوم	صرف کبیر فعل امر غائب معلوم			
لِيَضْرِبْ	چاہیے کہ مارے وہ ایک مرد	زمانہ استقبال میں	صیغہ واحد مذکر غائب	فعل امر غائب معلوم
لِيَضْرِبَا	چاہیے کہ ماریں وہ دو مرد	〃	صیغہ تثنیہ مذکر غائب	〃
لِيَضْرِبُوْا	چاہیے کہ ماریں وہ سب مرد	〃	صیغہ جمع مذکر غائب	〃
لِتَضْرِبْ	چاہیے کہ مارے وہ ایک عورت	〃	صیغہ واحد مؤنث غائب	〃
لِتَضْرِبَا	چاہیے کہ ماریں وہ دو عورتیں	〃	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	〃
لِيَضْرِبْنَ	چاہیے کہ ماریں وہ سب عورتیں	〃	صیغہ جمع مؤنث غائب	〃
لِاَضْرِبْ	چاہیے کہ ماروں میں ایک مرد یا ایک عورت	〃	صیغہ واحد متکلم	〃
لِنَضْرِبْ	چاہیے کہ ماریں ہم دو مرد یا دو عورتیں یا ہم سب مرد یا سب عورتیں	〃	صیغہ جمع متکلم	〃

فعل امر غائب مجہول	صرف کبیر فعل امر غائب مجہول			
لِيُضْرَبْ	چاہیے کہ مارا جائے وہ ایک مرد	زمانہ استقبال میں	صیغہ واحد مذکر غائب	فعل امر غائب مجہول
لِيُضْرَبَا	چاہیے کہ مارے جائیں وہ دو مرد	〃	صیغہ تثنیہ مذکر غائب	〃
لِيُضْرَبُوْا	چاہیے کہ مارے جائیں وہ سب مرد	〃	صیغہ جمع مذکر غائب	〃
لِتُضْرَبْ	چاہیے کہ ماری جائے وہ ایک عورت	〃	صیغہ واحد مؤنث غائب	〃
لِتُضْرَبَا	چاہیے کہ ماری جائیں وہ دو عورتیں	〃	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	〃
لِيُضْرَبْنَ	چاہیے کہ ماری جائیں وہ سب عورتیں	〃	صیغہ جمع مؤنث غائب	〃
لِاُضْرَبْ	چاہیے کہ مارا جاؤں میں ایک مرد یا ایک عورت	〃	صیغہ واحد متکلم	〃
لِنُضْرَبْ	چاہیے کہ مارے جائیں ہم دو مرد یا دو عورتیں یا ہم سب مرد یا سب عورتیں	〃	صیغہ جمع متکلم	〃

فعل نہی حاضر معلوم	صرف کبیر فعل نہی حاضر معلوم			
لَاتَضْرِبْ	نہ مار تو ایک مرد	زمانہ استقبال میں	صیغہ واحد مذکر حاضر	فعل نہی حاضر معلوم
لَاتَضْرِبَا	نہ مارو تم دو مرد	//	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	//
لَاتَضْرِبُوْا	نہ مارو تم سب مرد	//	صیغہ جمع مذکر حاضر	//
لَاتَضْرِبِیْ	نہ مار تو ایک عورت	//	صیغہ واحد مؤنث حاضر	//
لَاتَضْرِبَا	نہ مارو تم دو عورتیں	//	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	//
لَاتَضْرِبْنَ	نہ مارو تم سب عورتیں	//	صیغہ جمع مؤنث حاضر	//

فعل نہی حاضر مجہول	صرف کبیر فعل نہی حاضر مجہول			
لَاتُضْرَبْ	نہ مارا جائے تو ایک مرد	زمانہ استقبال میں	صیغہ واحد مذکر حاضر	فعل نہی حاضر مجہول
لَاتُضْرَبَا	نہ مارے جاؤ تم دو مرد	//	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر	//
لَاتُضْرَبُوْا	نہ مارے جاؤ تم سب مرد	//	صیغہ جمع مذکر حاضر	//
لَاتُضْرَبِیْ	نہ ماری جائے تو ایک عورت	//	صیغہ واحد مؤنث حاضر	//
لَاتُضْرَبَا	نہ ماری جاؤ تم دو عورتیں	//	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر	//
لَاتُضْرَبْنَ	نہ ماری جاؤ تم سب عورتیں	//	صیغہ جمع مؤنث حاضر	//

صرف کبیر فعل نہی غائب معلوم

فعل نہی غائب معلوم				
لَا یَضْرِبْ	نہ مارے وہ ایک مرد	زمانہ استقبال میں	صیغہ واحد مذکر غائب	فعل نہی غائب معلوم
لَا یَضْرِبَا	نہ ماریں وہ دو مرد	//	صیغہ تثنیہ مذکر غائب	//
لَا یَضْرِبُوْا	نہ ماریں وہ سب مرد	//	صیغہ جمع مذکر غائب	//
لَا تَضْرِبْ	نہ مارے وہ ایک عورت	//	صیغہ واحد مؤنث غائب	//
لَا تَضْرِبَا	نہ ماریں وہ دو عورتیں	//	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	//
لَا یَضْرِبْنَ	نہ ماریں وہ سب عورتیں	//	صیغہ جمع مؤنث غائب	//
لَا اَضْرِبْ	نہ ماروں میں ایک مرد یا ایک عورت	//	صیغہ واحد متکلم	//
لَا نَضْرِبْ	نہ ماریں ہم دو مرد یا دو عورتیں یا ہم سب مرد یا سب عورتیں	//	صیغہ جمع متکلم	//

صرف کبیر فعل نہی غائب مجہول

فعل نہی غائب مجہول				
لَا یُضْرَبْ	نہ مارا جائے وہ ایک مرد	زمانہ استقبال میں	صیغہ واحد مذکر غائب	فعل نہی غائب مجہول
لَا یُضْرَبَا	نہ مارے جائیں وہ دو مرد	//	صیغہ تثنیہ مذکر غائب	//
لَا یُضْرَبُوْا	نہ مارے جائیں وہ سب مرد	//	صیغہ جمع مذکر غائب	//
لَا تُضْرَبْ	نہ ماری جائے وہ ایک عورت	//	صیغہ واحد مؤنث غائب	//
لَا تُضْرَبَا	نہ ماری جائیں وہ دو عورتیں	//	صیغہ تثنیہ مؤنث غائب	//
لَا یُضْرَبْنَ	نہ ماری جائیں وہ سب عورتیں	//	صیغہ جمع مؤنث غائب	//
لَا اُضْرَبْ	نہ مارا جاؤں میں ایک مرد یا ایک عورت	//	صیغہ واحد متکلم	//
لَا نُضْرَبْ	نہ مارے جائیں ہم دو مرد یا دو عورتیں یا ہم سب مرد یا سب عورتیں	//	صیغہ جمع متکلم	//

صیغہائے اسم ظرف	ترجمہ صیغہائے اسم ظرف	نام صیغہ
مَضْرِبٌ	ایک وقت مارنے کا یا ایک جگہ مارنے کی	صیغہ واحد مذکر اسم ظرف
مَضْرِبَانِ	دو وقت مارنے کے یا دو جگہیں مارنے کی	صیغہ تثنیہ مذکر اسم ظرف
مَضَارِبُ	سب وقت مارنے کے یا سب جگہیں مارنے کی	صیغہ جمع مذکر مکسر اسم ظرف
مُضَيْرِبٌ	تھوڑا سا وقت مارنے کا یا تھوڑی سی جگہ مارنے کی	صیغہ واحد مذکر مصغر اسم ظرف
مَضْرِبَةٌ	مضرب کے آخر میں تاء کا ملانا بھی جائز ہے	

